# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کی تشہیر زوروں پر: وزیرِ اعظم نریندر مودی کریں گے آج دھولیہ اور ناسک میں جلسۂ عام سے خطاب۔

☆ کانگریس پارٹی کے اہم رہنماؤں کی ریاست میں انتخابی تشہیر؛ آئندہ 10 نومبر کو مہاوِکاس آگھاڑی کرے گی اپنا منشور ظاہر۔

☆ مرکزی حکومت جلد ہی دہشت گرد مخالف پالیسی کا کرے گی اعلان: مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا بیان۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی میں انتخابی تشہیر میں حصہ لینے والے گرام سیوک پر کارروائی کے احکام۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاست میں اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم زور وشور سے جاری ہے۔ ریاست کے سینئر قائدین سمیت دیگر ریاستوں کے سیاسی رہنماء مختلف مقامات پر جلسے کر رہے ہیں۔ ریاست میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کی انتخابی مہم آج سے شروع ہو رہی ہے۔ ان کا یہ پہلا جلسہ آج مالیگاؤں روڈ‘ دھولیہ میں مہاتما گاندھی فلاسفی سینٹر کے قریب پانجراپول گوشالہ میں ہوگا۔ امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ضلع کلکٹر نے جلسے کے دوران علاقے میں بغیر اجازت ڈرون اُڑانے پر پابندی عائد کی ہے۔ اس کے بعد ناسک کے تپون علاقے میں وزیرِ اعظم تشہیری جلسے سے خطاب کریں گے۔ اس جلسے کیلئے ناسک کی انتظامیہ نے تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور سلامتی کے دستوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ تپون سمیت ناسک کے 11 راستوں پر ٹریفک کی پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں۔ ان جلسوں میں مہایوتی کی اتحادی جماعتوں کے سینئر قائدین شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

اورنگ آباد وسطی انتخابی حلقے میں مہایوتی کے امیدوار پردیپ جیسوال نے کل اتحادی جماعتوں کے عہدیداروں کے ساتھ پدیاترا کی۔ اسی طرح مہایوتی کے ہی اورنگ آباد مشرق سے امیدوار اتل ساوے نے کل عوام سے رابطہ کیا۔ وہیں کنڑ حلقے میں ونچیت بہوجن آگھاڑی کے نوجوان لیڈر سجات امبیڈکر نے کل اپنے امیدوار ایاز مقبول شاہ کیلئے جلسے سے خطاب کیا۔ شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنماء آدتیہ ٹھاکرے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں دو انتخابی میٹنگز کیں۔ کنڑ تعلقے کے پشور میں انھوں نے مہاوِکاس آگھاڑی کے منشور کا اعادہ کیا۔

وہیں سابق مرکزی وزیرِ مملکت راؤ صاحب دانوے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پھلمبری اسمبلی حلقے میں مہایوتی اُمیدوار انورادھا چوہان کی انتخابی تشہیر کی خاطر‘ لاڈساونگی، بڑشی اور گولٹ گاؤں میں عوام سے رابطہ کیا۔

تلجاپور اسمبلی حلقے میں مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار کُلدیپ پاٹل کی انتخابی مہم کا آغاز کل سابق وزیر امت دیشمکھ کے ہاتھوں‘ رکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر کی موجودگی میں کیا گیا۔

اسی طرح وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے آج دھاراشیو ضلع میں تین انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ یہ میٹنگز بالترتیب پرنڈا' دھاراشیو اور عمرگہ کے مہایوتی امیدواروں ڈاکٹر تاناجی ساونت' اجیت پنگلے اور گیان راج چوگلے کی انتخابی مہم کیلئے ہو رہی ہیں۔

**** **** *****

مرکزی وزیر جیوتی راجے سندھیا نے کل اہلیا نگر ضلع کے کرجت - جام کھیڑ اسمبلی حلقے می راشین کے مقام پر انتخابی جلسہ کیا۔ اس موقع پر مہایوتی اُمیدوار رام شندے کے ساتھ بی جے پی کے عہدیدار موجود تھے۔

**** **** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے صدر شرد پوار آج پربھنی ضلع کے سیلو میں ایک انتخابی میٹنگ کریں گے۔ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے آج لاتور میں تین جلسے کریں گے۔ یہ جلسے لاتور شہر حلقے کے امیدوار امت دیشمکھ اور لاتور دیہی حلقے کے امیدوار دھیرج دیشمکھ کی مہم کیلئے تلنگہ اور گنج گولائی میں ہوں گے۔

**** **** *****

مہاوِکاس آگھاڑی کا منشور آئندہ 10 تاریخ کو ممبئی میں کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھر گے کی موجودگی میں جاری کیا جائیگا۔ کانگریس پارٹی کے مہاراشٹر کیلئے انچارج رمیش چینّی تھلا نے کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ پارٹی صدر کھرگے'

کی جنرل سیکریٹری پرینکا گاندھی اور کانگریس پارٹی کے سینئر قائدین مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدواروں کی تشہیر کیلئے ریاست کے مختلف علاقوں میں جلسوں سے خطاب کریں گے۔ چینّی تھلا نے مزید بتایا کہ مہاوِکاس آگھاڑی کے نامزد امیدواروں کے سامنے اپنی درخواستیں واپس نہ لینے والے کانگریس کے باغیوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے اور انھیں پارٹی سے چھ برسوں کیلئے معطل کردیا گیا ہے۔ انھوں نے وضاحت کی کہ ریاست میں کہیں بھی دوستانہ مقابلہ نہیں ہوگا۔

**** **** *****

سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشنز اور مرکزی انتخابی کمیشن کی جانب سے اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر رائے دہندگان کی بیداری کیلئے ''SWEEP'' پروگرام کے تحت آج سے ایک موبائل نمائش کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ کاروں کے ذریعے کی جانے والی یہ نمائش 15 اضلاع میں رائے دہی کی آگاہی کا پیغام لیکر جائے گی۔ آج ممبئی میں منعقد کی جانے والی ایک تقریب میں انتخابی کمیشن کے عہدیداروں' فلم' کھیل اور سماجی شعبوں کے معززین کی موجودگی میں ووٹرس میں بیداری کی سرگرمیاں شروع کی جائیں گی۔

**** **** *****

انتخابات میں رائے دہندگان کو لالچ دینے کے واقعات کی روک تھام کیلئے کی جانے والی کارروائیوں کے دوران سرکاری ایجنسیوں نے اب تک کم و بیش 280 کروڑ روپیوں کا سامان ضبط کیا ہے۔ یہ اطلاع انتخابی کمیشن نے دی۔ کمیشن نے بتایا کہ گذشتہ 2019 کے اسمبلی انتخابات کے مقابلے میں یہ ضبطیاں ساڑھے تین گنا زیادہ ہے۔

**** **** *****

سامعینِ کرام! قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پیشِ نظر ''آڑھاوا دھان سبھا متدار سنگھانچا'' نامی پروگرام روزانہ شام سات بجکر 10 منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ آج اس پروگرام میں امراوتی ضلع کے انتخابی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

**** **** *****

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت جلد ہی دہشت گردی مخالف پالیسی کا اعلان کرے گی۔ وزیرِ موصوف ک نئی دہلی میں دہشت گردی مخالف کانفرنس کے افتتاح کے بعد بول رہے تھے۔انھوں نے بتایا کہ تین نئے فوجداری قوانین سے شہریوں کے حقوق کا تحفظ کیا جارہا ہے۔اس موقع پر انھوں نے فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید ہونے والے 36 ہزار سے زائد پولس اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس کانفرنس میں مرکزی جانچ ایجنسیوں کے افسران، فارنسک میڈیسن اور ٹکنالوجی کے ماہرین، ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے سینئر پولس افسران موجود تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی نے انتخابی کمیشن کی ہدایت کے مطابق ضلع کے تمام انتخابی مراکز پر ابتدائی طبّی سہولیات فراہم کرنے کیلئے منصوبہ بندی کرنے کا حکم دیا ہے۔اس سلسلے میں منعقدہ میٹنگ میں کل سوامی نے محکمۂ صحت کو یہ ہدایت دی۔

***** ***** *****

انتظامیہ نے ہنگولی میں انتخابی مہم میں حصہ لینے والے گرام سیوک کیخلاف کارروئی کرنے کا حکم دیا ہے۔کلمنوری پنچایت سمیتی کے گرام سیوک شیوشنکر گٹّے کا شیوسینا پارٹی کارکنان کے ساتھ مل کر انتخابی مہم چلانے کا ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کررہا تھا۔جس کے بعد سب ڈویژنل اور ریٹرننگ افسر پرتکشا بھتے نے گرام سیوک پر کارروائی کا حکم دیا۔

***** ***** *****

بیڑ کے انتخابی انسپکٹر ایس ملک نے کل گیورائی حلقے کے جتے گاؤ، کھام گاؤں، ماہر ٹاکلی پھاٹہ چیک پوسٹ اور مرکلہ گاؤں کے حساس انتخابی مراکز کا دورہ کیا۔انھوں نے گڑھی کے نوودئے ودیالیہ کے اسٹرانگ روم کا بھی جائزہ لیا۔جہاں ڈیوٹی پر موجود افسران وملازمین کو چوکس رہنے کی انھوں نے ہدایت دی۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے دوران لاتور ضلع کے دو ہزار 142 انتخابی مراکز اور ایک ذیلی مرکز کیلئے درکار انتخابی مشینوں کی دوسری مکسنگ کل کلکٹر دفتر میں کی گئی۔اس میں انتخابی مراکز کے مطابق ووٹنگ مشینوں کے نمبر طئے کیے گئے۔اس موقع پر ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے اور ضلع انتخابی افسر ڈاکٹر کدم نے تمام امیدواروں اور ان کے نمائندوں کو اس بارے میں آگاہ کیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا کے ریاستی نائب صدر اشوک تورے نے دعویٰ کیا ہے کہ بیڑ اسمبلی حلقے کے رائے دہندگان کی فہرست میں تقریباً 23 ہزار 471 ناموں کا اندراج کیا گیا ہے۔انھوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ان ناموں کو ووٹرس لسٹ سے ہٹایا جائے۔

***** ***** *****

جالنہ کے مقامی سی آئی ڈی دستے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر چوپھلی علاقے میں ایک کار سے 52 لاکھ 89 ہزار روپئے نقد ضبط کیے۔اسمبلی انتخابات کے مدِنظر کی جانے والی ناکہ بندی کے دوران یہ کارروائی کی گئی۔ایک کاروباری ابھجیت موہن ساؤجی کی ملکیت والی اس کار سے ملی یہ رقم آگے کی کارروائی کیلئے چندن جھیرہ پولس کے حوالے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چار ٹی ٹوئنٹی کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا پہلا میچ آج ڈربن میں کھیلا جارہا ہے۔سوریہ کمار یادو کی کپتانی میں بھارتی ٹیم اس ٹورنامنٹ میں حصہ لے رہی ہے۔بھارتی وقت کے مطابق آج رات ساڑھے آٹھ بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کی تشہیر زوروں پر؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کریں گے آج دھولیہ اور ناسک میں جلسۂ عام سے خطاب۔

☆ کانگریس پارٹی کے اہم رہنماؤں کی ریاست میں انتخابی تشہیر؛ آئندہ 10 نومبر کو مہا وِکاس آگھاڑی کرے گی اپنا منشور ظاہر۔

☆ مرکزی حکومت جلد ہی دہشت گرد مخالف پالیسی کا کرے گی اعلان: مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا بیان۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی میں انتخابی تشہیر میں حصہ لینے والے گرام سیوک پر کارروائی کے احکام۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****